
UNI BREVITY ACCURACY SPEED United News of India
India's Multi Lingual News Agency
Thursday, Mar 25 2021 | Time 11:18 Hrs(IST)






Posted at: Mar 24 2021 6:54PM

# Speakers rue lack of women representation in media in Webinar held at MANUU

Hyderabad, Mar 24 (UNI) Representation of women as journalists in media houses is lacking along with the coverage of the women issues, both needed to be improved.

Women activism in leading various peaceful protests is a sign of healthy democracy.

These views were expressed on Wednesday by eminent journalists in a webinar organized by the Centre for Women's Studies and Dept of Journalism and Mass Communication, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) in collaboration with Population First supported by UNFPA and Norwegian Embassy.

Well known journalist, Ms Aarfa Khanum, Chief Editor, The Wire, Mr. Amer Ali Khan - News Editor, Siasat, Mr Fazil Hussain Parvez- Chief Editor, Gawah, Ms. Farhat Rizvi - Sr Journalist, Rashtrya Sahara, Ms Ayesha Khanum, Door Darshan, Bengaluru participated in the round table of Media leaders on "Gender Reporting in Urdu Media - Opportunities & Challenges"

Ms Aarfa Khanam believed that women at front lines of protests are like a ray of hope in the darkness. The market demands the presence of women on the screen. Everyone talks about empowering women, but the important thing is how do the women exercise their empowerment, she asked.

Mr Amer Ali Khan described social media as a new field for women to express their views. The number of Muslim women is relatively low in Media including Urdu Media because it is difficult for them to maintain balance between the professional requirements and domestics compulsions. Muslim women, although educated, find it difficult to take up jobs, especially after marriage. He also spoke about the efforts by Siasat Urdu daily in the economic upliftment of minorities especially women.

MORE UNI VV JW1854

Tags: #Speakers rue lack of women representation in media in Webinar held at MANUU

## UNI Photo



DEOGHAR, MAR 24 (UNI):- Deoghar SP, Ashwani Kumar Sinha, addressing a press conference after arrest of 11 Cyber Criminals in Deoghar on Wednesday. UNI PHOTO-78U

## Other Links


**UNIVARTA (News Agency)**
Indian News Agency

**UNI-Urdu Service(News Agency)**
Indian News Agency

**Newswrap**

**Newswrap1**

## More News



**Telangana records 493 fresh COVID-19 cases,**

TwoCircles.net
MAINSTREAM NEWS OF THE MARGINALIZED

# Eminent journalists rue lack of women representation in Indian media



March 24, 2021 :

*Well-known journalists Arfa Khanum, Chief Editor, The Wire, Amer Ali Khan, News Editor, Siasat, Fazil Hussain Parvez, Chief Editor Gawah, Farhat Rizvi, Senior Journalist, Rashtriya Sahara, Ayesha Khanum, Doordarshan, Bengaluru participated in the round table of Media leaders on "Gender Reporting in Urdu Media – Opportunities & Challenges," organized by MANUU.*

**TCN News**

Hyderabad: "The representation of women journalists in media houses is lacking along with the coverage of the women issues and both needed to be improved." These views were expressed on Wednesday by eminent journalists in a webinar organized by the Centre for Women's Studies and Department of Journalism and Mass Communication, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) in collaboration with Population First supported by UNFPA and the Norwegian Embassy.

"Women activism in leading various peaceful protests is a sign of healthy democracy," they said.

Well-known journalists Arfa Khanum, Chief Editor, The Wire, Amer Ali Khan, News Editor, Siasat, Fazil Hussain Parvez, Chief Editor Gawah, Farhat Rizvi, Senior Journalist, Rashtriya Sahara, Ayesha Khanum, Doordarshan, Bengaluru participated in the round table of Media leaders on "Gender Reporting in Urdu Media – Opportunities & Challenges."

Prof. Siddiqui Mohd. Mahmood, Registrar I/c presided over the round table.

Arfa Khanam said that "women at the front lines of protests are like a ray of hope in the darkness."

"The market demands the presence of women on the screen. Everyone talks about empowering women, but the important thing is that how do the women exercise their empowerment," she said.

Amer Ali Khan described social media as a new field for women to express their views. "The number of Muslim women is relatively low in Media including Urdu Media because it is difficult for them to maintain a balance between the professional requirements and domestics compulsions," he said.

Khan said that "Muslim women, although educated, find it difficult to take up jobs, especially after marriage."

He spoke about the efforts by Siasat Urdu daily in the economic upliftment of minorities especially women.

Fazil Hussain Parvez spoke about the history of Urdu journalism and said that Indian media diminished the status of women in the name of development. He referred to the women who have published and are also the editors of the magazines.

Farhat Rizvi while talking about the difficulties faced by women journalists suggested that the NGOs, Urdu newspapers and MANUU's Center for Women Studies can bring some concrete results by conducting seminars on Women Empowerment.

Ayesha Khanum said that there is a need to increase gender sensitivity in Urdu journalism. "Women's news are given less space in Urdu media but now things are changing," he said.

Prof. Siddiqui Mohd. Mahmood, Registrar I/c in his presidential remarks said democracy allows differences in opinion. "The media should become the voice of the voiceless. We need to educate people so that they can understand the news and can analyze it realistically. Not only women but also the oppressed classes should be empowered through education," he added.

Earlier, Prof. Shahida Murtaza, Director, CWS delivered the welcome address.

She said there was less material available about women in the media and their representation also needed attention.

Dr. AL Sharda, Director of Population First introduced the guests. Prof. Ehtesham Ahmad Khan, Dean, School of Mass Communication and Journalism was the Moderator. Prof. Mohd. Fariyad, Head, Department of MCJ convened the programme.

Meanwhile, Prof. SM Rahmatullah, Vice-Chancellor I/c will preside over the panel discussion scheduled to be held online on March 25, from 11 am to 2 pm. The panellists include Qurban Ali, Seema Mustafa, Rasheda Hussain and Mohammad Azam Shahid.

The programme will be webcast live on IMC, MANUU Youtube channel.

**Aadab Telangana,**
**25.3.2021**

# ظلم اور ناانصافی کیخلاف احتجاج میں خواتین کا قائدانہ رول

## صحافت میں نمائندگی بڑھانے کی ضرورت۔ اردو یونیورسٹی کے ویبنار میں عارفہ خانم، اور محمود صدیقی کی مخاطبت

حیدرآباد، 24 / مارچ (پریس نوٹ) موجودہ دور میں مظالم، ناانصافی اور زیادتیوں کو درج اور ریکارڈ کرنے والوں کی پہلی قطار میں خواتین موجود ہیں۔ احتجاج کے مورچوں پر ڈٹی ہوئی خواتین گھٹاٹوپ اندھیرے میں امید کے چھوٹے چھوٹے چراغوں کے مانند ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز صحافی محترمہ عارفہ خانم، ''دی وائر'' نے آج مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام ویبنار ''اردو میڈیا میں صنفی رپورٹنگ۔ چیلینجز اور مواقع'' کے راؤنڈ ٹیبل کے دوران کیا۔ اس ویبنار کا اہتمام شعبۂ مرکز مطالعاتِ نسواں اور شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت، مانو کے زیر اہتمام کیا جارہا ہے۔ جبکہ پاپولیشن فرسٹ، اقوام متحدہ آبادی فنڈ اور ناروین ایمبیسی اس کے انعقاد میں تعاون کررہے ہیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارت کی۔ جناب عامر علی خان نیوز ایڈیٹر روزنامہ سیاست، حیدرآباد نے سوشیل میڈیا کو خواتین کے لیے نیا میدان عمل قرار دیا اور اعتراف کیا کہ روایتی میڈیا بشمول اردو میڈیا میں مسلم خواتین کی نمائندگی نسبتاً کم ہے۔ کیونکہ گھریلو ذمہ داریوں اور پیشہ ورانہ تقاضوں کی تکمیل میں توازن مشکل ہوجاتا ہے۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارتی خطاب میں کہا کہ جمہوریت کی خوبی ہے کہ اس میں اختلاف رائے کی گنجائش ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ میڈیا بے آوازوں کی آواز ایوانوں تک پہنچائے۔ ہمارے سماج میں شادی کے رقعوں میں لڑکیوں کے نام نہیں دیئے جاتے جبکہ نام کا پردہ نہیں ہے۔ جبکہ ہم نبی کی بیویوں اور بیٹیوں کے نام تک جانتے ہیں۔ ہمیں حقیقت پسندی کے ساتھ خبر کا تجزیہ کرنا چاہیے۔ ہمیں لوگوں کو تعلیم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ خبروں کو اور تجزیوں کو سمجھ سکیں۔ خواتین کو ہی نہیں بلکہ پسماندہ طبقات کو بھی تعلیم دیتے ہوئے بااختیار بنانا چاہیے۔ پروفیسر شاہدہ، ڈائرکٹر مطالعاتِ نسواں نے ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ کا تعارف پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا میں خواتین کے متعلق مواد کم ہے اور ان کی نمائندگی پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ نے مہمانوں کا تعارف کروایا۔ اس ویبنار میں پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین ایم سی جے نے ماڈریٹر کے فرائض انجام دیئے۔ جناب فاضل حسین پرویز، چیف ایڈیٹر گواہ نے اردو صحافت کی تاریخ پر گفتگو کی۔ محترمہ عائشہ خانم، سینئر صحافی، دوردرشن، بنگلور نے کہا اردو صحافت میں صنفی حساسیت میں اضافہ کی ضرورت ہے۔ اردو میڈیا میں خواتین کی خبروں کو جگہ کم دی جاتی ہے۔ انہوں نے مثال کے طور پر انہیں ملے فخر ملت ایوارڈ کا ذکر کیا۔ پروفیسر محمد فریاد، صدر شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت نے کاروائی چلائی۔ جناب صالح امین، گیسٹ فیکلٹی کی قرأت کلام پاک سے پروگرام کا افتتاح عمل میں آیا۔ 25 / مارچ کو میڈیا کے سربرآوردہ شخصیات کے ساتھ پینل مباحثہ ہوگا اس میں پینلسٹ میں جناب قربان علی؛ محترمہ سیما مصطفیٰ، محترمہ راشدہ حسین آئی آر ایس (ریٹائرڈ)؛ جناب محمد اعظم شاہد شرکت کریں گے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج صدارت کریں گے۔

# ظلم وناانصافی کے خلاف احتجاج میں خواتین کا قائدانہ رول

## صحافت میں نمائندگی بڑھانے کی ضرورت ۔ اردو یونیورسٹی کا ویبنار

## عارفہ خانم، عامر علی خان اور محمود صدیقی کا خطاب









حیدرآباد،24 مارچ (پریس نوٹ) موجودہ دور میں مظالم، ناانصافی اور زیادتیوں کو درج اور ریکارڈ کرنے والوں کی پہلی قطار میں خواتین موجود ہیں۔ احتجاج کے مورچوں پر ڈٹی ہوئی خواتین گھٹا ٹوپ اندھیرے میں امید کے چھوٹے چھوٹے چراغوں کے مانند ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز صحافی عارفہ خانم، "دی وائر" نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام ویبنار "اردو میڈیا میں صنفی رپورٹنگ ۔ چیلنجز اور مواقع" کے راؤنڈ ٹیبل کے دوران کیا۔ اس ویبنار کا اہتمام شعبۂ مرکز مطالعات نسواں اور شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت، مانو کے زیر اہتمام کیا جارہا ہے۔ جبکہ پاپولیشن فرسٹ، اقوام متحدہ آبادی فنڈ اور ناروین ایمبسی اس کے انعقاد میں تعاون کررہے ہیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارت کی۔ عارفہ خانم نے مزید کہا کہ اسکرین پر خواتین کی موجودگی مارکٹ ڈیمانڈ کی مرہون منت ہے۔ خواتین کو بااختیار بنانے کی بات کی جاتی ہے لیکن اہم بات یہ ہے کہ خود خواتین انہیں ملے اختیار کا کیسے استعمال کرپاتی ہیں؟ ممتاز خاتون صحافی نے شکایت کی کہ فیصلہ سازی میں عورتوں کا کوئی رول نہیں ہے۔ مردانہ بالادستی کو بڑھاوا دینے میں خود خواتین بالواسطہ طور پر مددگار بن رہی ہیں۔ عامر علی خان نیوز ایڈیٹر سیاست نے سوشل میڈیا کو خواتین کے لیے نیا میدان عمل قرار دیا اور اعتراف کیا کہ روایتی میڈیا بشمول اردو میڈیا میں مسلم خواتین کی نمائندگی نسبتاً کم ہے۔ کیونکہ گھریلو ذمہ داریوں اور پیشہ ورانہ تقاضوں کی تکمیل میں توازن مشکل ہوجاتا ہے۔ انہوں نے سیاست اخبار کی تاریخ اور حیدرآباد کے مسلمانوں کے لیے اخبار کی خدمات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا حق گوئی اور بیباکی اخبار کی پالیسی ہے۔ مسلمان اس ملک کا اٹوٹ حصہ ہیں، ان کے حق کے لیے آواز اٹھانا قوم دشمنی نہیں ہے۔ انہوں نے قرآن کے سورہ قلم کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہر صحافی کی یہ ذمہ داری ہے کہ سچ ہی کی ترجمانی کرے۔ انہوں نے عابد علی خان ایجوکیشنل ٹرسٹ اور محبوب حسین جگر کیریر گائیڈنس سنٹر کی خدمات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس کے ذریعہ مسلمانوں بالخصوص خواتین کی معاشی ترقی کے لیے اخبار سیاست کی جانب سے کوشش کی جارہی ہے۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارتی خطاب میں کہا کہ جمہوریت کی خوبی ہے کہ اس میں اختلاف رائے کی گنجائش ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ میڈیا بے آوازوں کی آواز ایوانوں تک پہنچائے۔ ہمارے سماج میں شادی کے رقعوں میں لڑکیوں کے نام نہیں دیئے جاتے جبکہ نام کا پردہ نہیں ہے۔ جبکہ ہم نبی کی بیویوں اور بیٹیوں کے نام تک جانتے ہیں۔ ہمیں حقیقت پسندی کے ساتھ خبر کا تجزیہ کرنا چاہیے۔ ہمیں لوگوں کو تعلیم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ خبروں کو اور تجزیوں کو سمجھ سکیں۔ خواتین کو ہی نہیں بلکہ پسماندہ طبقات کو بھی تعلیم دیتے ہوئے بااختیار بنانا چاہیے۔ پروفیسر شاہدہ، ڈائرکٹر مطالعات نسواں نے ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ کا تعارف پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا میں خواتین کے متعلق مواد کم ہے اور ان کی نمائندگی پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ نے مہمانوں کا تعارف کروایا۔ اس ویبنار میں پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین ایم سی جے نے ماڈریٹر کے فرائض انجام دیے۔ فاضل حسین پرویز، چیف ایڈیٹر گواہ نے اردو صحافت کی تاریخ پر گفتگو کی اور بتایا کہ ہندوستانی میڈیا نے ترقی کے نام پر عورت کے مقام کو گھٹا دیا ہے۔ انہوں نے مختلف خواتین کا ذکر کیا جنہوں نے میدان صحافت میں طبع آزمائی کی۔ انہوں نے الکٹرانک میڈیا کی نامور خواتین کا ذکر کرتے ہوئے نغمہ سحر، سیما مصطفی، عارفہ خانم، افشاں انجم، ماہ رخ، عرفانہ، غوثیہ، شمع افروز زیدی کا نام لیا۔ پہلے شہید آزادی ٹیپو سلطان نے شاہی سرپرستی میں فوج کے لیے اخبار جاری کیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے اخبار کے تعلق سے کئی دعوے ہیں جن میں جام جہاں نما، مراۃ الاخبار، اردو اخبار شامل ہے۔ فرحت رضوی، سینئر جرنلسٹ، سہارا نے کہا کہ حیدرآباد کی سرزمین کافی زرخیز رہی ہے۔ انہوں نے خواتین صحافیوں کو درپیش مشکلات کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا سرسید تحریک، ڈپٹی نذیر احمد تحریک کے بعد خواتین میں بیداری آئی۔ شعاعیں، غبارے جیسے رسائل میں خواتین کی بات قرآن اور سماج کی روشنی میں ہوتی تھی لیکن اس میں صرف نظریہ ہوتا ہے۔ عملی اقدام نہیں ہوتے۔ این جی اوز، اردو اخبارات اور مانو کا مرکز، خواتین کی بااختیاری بنانے کے لیے سیمینار منعقد کرتے ہوئے کچھ ٹھوس نتائج اخذ کرسکتے ہیں۔ عائشہ خانم، سینئر صحافی، دوردرشن، بنگلور نے کہا اردو صحافت میں صنفی حساسیت میں اضافہ کی ضرورت ہے۔ اردو میڈیا میں خواتین کی خبروں کو جگہ کم دی جاتی ہے۔ انہوں نے مثال کے طور پر انہیں ملے فخر ملت ایوارڈ کا ذکر کیا۔ پروفیسر محمد فریاد، صدر شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت نے کارروائی چلائی۔ صالح امین، گیسٹ فیکلٹی کی قرأت کلام پاک سے پروگرام کا افتتاح عمل میں آیا۔ 25 مارچ کو میڈیا پر سرآوردہ شخصیات کے ساتھ پینل مباحثہ ہوگا اس میں پینلسٹ میں قربان علی؛ سیما مصطفی، راشدہ حسین آئی آر ایس (ریٹائرڈ)؛ محمد اعظم شاہد شرکت کریں گے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج صدارت کریں گے۔

# آصفیہ لائبریری، عربی و فارسی قلمی نسخوں کا برصغیر میں سب سے بڑا ذخیرہ

## اُردو یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی میں پروفیسر اشتیاق احمد کا دھنراج گیر یادگاری خطبہ



حیدرآباد (پریس نوٹ) شہر حیدرآباد کی آصفیہ لائبریری عربی و فارسی قلمی نسخوں کے اعتبار سے برصغیر کا سب سے بڑا کتب خانہ ہے، جس میں قلمی نسخوں کی تعداد 50ہزار سے زائد ہے۔ آخری آصف جاہی حکمراں میر عثمان علی خان کی علم دوستی کی بہترین مثال جامعہ عثمانیہ ہے۔ یونیورسٹی میں مسلمانوں کے لیے دینی تعلیم اور دیگر کے لیے اخلاقی تعلیم لازمی تھی۔ اس میں دارالترجمہ کی اہمیت بھی مسلم ہے۔ اس ادارے نے 500 کتابیں ترتیب دیں۔ اس کے باعث حیدرآباد کا نام دنیا بھر میں نمایاں ہوا۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز اسکالر پروفیسر اشتیاق احمد، مرکز برائے مطالعات فارسی، جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، دہلی نے آج دکن کی مشہور و معروف شخصیت راجہ دھن راجگیر سے موسوم ایک یادگاری خطبے میں کیا۔ شعبہ فارسی کے زیر اہتمام اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے منعقدہ یادگاری خطبہ کا عنوان ”دکن میں فارسی زبان و ادب اور تہذیب و ثقافت“ تھا۔ اس لیکچر کو وزارت تعلیم کی منظوری حاصل ہے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے صدارت کی۔

پروفیسر اشتیاق احمد نے کہا کہ عمومی طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ مغلوں کے دور میں فارسی پر کافی کام ہوا ہے۔ لیکن دکن کے حوالے سے کی گئی تحقیق سے پتہ چلا کہ یہاں فارسی زبان و ادب پر کام مغلوں سے کم نہیں ہے۔ کسی بھی معاشرہ کو سمجھنے کا سب سے آسان طریقہ اس کا ادب ہوتا ہے۔ اس میں رسوم و رواج، رہن سہن، تہذیب و ثقافت کی تفصیل مل جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قدیم زمانے سے برصغیر اور ایران کا تعلق رہا ہے۔ غزنوی حکمراں مسعود اول کے دربار سے وابستہ لاہور کے مشہور شاعر ابوعبداللہ کو یہاں پہلا فارسی شاعر تسلیم کیا جاتا ہے۔ بہمنی دور میں فارسی زبان و ادب کے حوالے سے یہ کہنا مناسب ہوگا کہ یہاں کی تہذیب، تمدن، ادب، سماج و ثقافت پر ایران کے اثرات کافی گہرے پائے جاتے تھے۔ شمالی ہند سے دکن کا باقاعدہ تعلق خلجی افواج کی فتح کے بعد قائم ہوا۔ فتح دکن دونوں خطوں کے لیے ادبی اور ثقافتی اعتبار سے کافی اہمیت کا حامل ہے۔ بہمنی عہد میں فارسی کو سرکاری زبان بننے کا موقع ملا۔ علاء الدین حسن جب بادشاہ ہوا تو دارالسلطنت کو گلبرگہ لے آیا۔ ہندوستان کے زیادہ تر حصہ پر جنوبی ایشیاء کا اثر رہا ہے۔ جب کہ دکن کا حصہ ایران سے منسلک رہا۔ ایران سے جنوبی ہند آنے والے مشہور نام عبدالملک سلامی، شیخ عین الدین بیجاپوری، مفتی احمد حروی، حکیم نصیر الدین شیرازی، حکیم علیم الدین تبریزی، معین الدین حرمی، سیف الدین غوری و دیگر شامل ہیں، جو بہمنی دربار سے وابستہ تھے۔ خواجہ محمود گاواں، سیف الدین غوری تاریخ میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ محمود گاواں کا شکستہ مدرسہ آج بھی اس کی اولوالعزمی، نفاست ذوق اور علم پروری کا فسانہ سناتا ہے۔ عادل شاہی دور میں بھی فارسی زبان و ادب کو کافی تقویت حاصل ہوئی۔ یوسف عادل شاہ نے ایران، ماوراءالنہر اور عربی علماء کو یہاں آنے کی دعوت دی۔ متعدد علماء نے یہاں کا رخ کیا۔ علی عادل شاہ اپنی انتظامی صلاحیت اور ادبی سرپرستی کے لیے مشہور تھا۔

نظام شاہی دور مختصر تھا اور شمالی مغلوں کے خطروں سے گھرا رہتا تھا۔ سب سے اہم تاریخ برہان المعاثر سید علی بن عزیز اللہ طباطبائی نے رقم کی۔ سلطان قلی 1495ء میں تلنگانہ کا صوبہ دار بنا اور محمود شاہ بہمنی کی وفات کے بعد اس نے اپنی خودمختاری کا اعلان کردیا۔ اس دور میں اہم ترین تصنیفات فارسی سے متاثر تھیں۔

اس کے بعد فارسی آصف جاہی کا دور آیا۔ نادر شاہ کے حملے کے بعد حیدرآباد سب سے زیادہ پرامن شہر تھا۔ اس لیے اہل علم و اہل فن یہاں پر آئے۔ شاہنواز خان کئی کتابوں کے مصنف تھے جن میں اہم معاصر الامراء ہے۔ اس میں دہلی کے امیروں کے حالات ملتے ہیں۔ غلام علی آزاد بھی اپنے دور کے بہت بڑے سوانح نگار تھے۔ ان کی تصنیفات پر تحقیق و تدریس کا کام جاری ہے۔ دکنی شہر ہند ایرانی یا ہند اسلامی طرز پر تعمیر ہوئے۔ ان میں گلبرگہ، بیدر، بیجاپور شامل ہیں۔ ان کے گنبد، کمان وغیرہ پر ایرانی شہروں کی جھلک ملتی ہے۔ حیدرآباد کی بات کی جائے تو یہ ایرانی شہر اصفہان کے نمونے پر تعمیر کیا گیا ہے۔ مغلیہ حکومت کے کمزور پڑنے کے بعد فارسی کے استعمال میں کمی آئی اور وسط ایشیاء سے علماء کی آمد بند ہونے کے بعد اس میں مزید کمی آگئی اور اردو کو فروغ ملا۔

پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے کہا کہ راجہ دھنراج گیر جو کہ مشہور و معروف فرزندانِ دکن میں شامل ہیں ان کی یاد کو تازہ رکھنے کے لیے اس یادگاری لیکچر کے لیے شعبۂ فارسی مبارکباد کا مستحق ہے۔ آج کا خطبہ ریسرچ اسکالرس کے لیے خصوصی طور پر اہمیت کا حامل ہے۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، کوآرڈینیٹر میموریل لیکچر نے خیر مقدم کیا۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی نے کارروائی چلائی۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر شعبۂ فارسی نے شکریہ ادا کیا۔

1 Sign in Go Premiu
Page Protect Tools Click to search Share

alhubab
جمعرات، 25 مارچ، 2021

# خواجہ بندہ نوازؒ کی اصلاح معاشرہ خدمات کو منظر عام پر لانے کی ضرورت

## شعبۂ فارسی اردو یونیورسٹی کی قومی کانفرنس کا افتتاح، پروفیسر رحمت اللہ و پروفیسر عبدالحمید اکبر و دیگر کے خطاب







حیدرآباد: (پریس نوٹ) یہ عہد نہ صرف اولیاء کرام کی تعلیمات کا ذکر کرنے اور سمجھنے کا ہے بلکہ ان پر عمل کرنے اور اسے دوسروں تک پہنچانے کا بھی ہے۔ خواجہ بندہ نوازؒ کی اصلاح معاشرہ سے متعلق جو خدمات رہی ہیں انہیں منظر عام پر لایا جائے تو اس کانفرنس کا مقصد پورا ہو جائے گا۔ اولیاء نے ہمیشہ شرک، بدعات کو دور کرنے اور اصلاح معاشرہ کی کوشش کی ہے۔ انہیں عام کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ قومی کانفرنس میں کیا۔ وہ کانفرنس "خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ، ملفوظات، مکتوبات، مطبوعات، تعلیمات و خدمات: فارسی ماخذ کے حوالے سے" کے افتتاحی اجلاس میں صدارتی خطبہ دے رہے تھے۔

پروفیسر رحمت اللہ نے کہا کہ ملت اسلامیہ میں موجود اختلافات کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلہ میں خواجہ بندہ نوازؒ کی تعلیمات کیا کہہ رہی ہیں اسے منظر عام پر لاسکیں اور لوگوں کو متحد کر سکیں تو یہ بڑی کامیابی ہوگی جو ہم اس پلیٹ فارم سے کر سکیں گے۔ انہوں نے قرآن کے حوالے سے کہا کہ اللہ و رسول کی اتباع کیجئے۔ پروفیسر رحمت اللہ نے کہا کہ کتاب و سنت سے ہدایت لیتے ہوئے ہمیں اپنے اختلافات دور کرنے چاہئیں۔ پروفیسر عارف ایوبی، صدر نشین، فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی، لکھنو و شعبۂ فارسی، لکھنو یونیورسٹی، مہمان خصوصی نے کہا کہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ نویں صدی کے جید عالم تھے۔ وہ برگزیدہ ہستی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اعلیٰ مقام عطا کیا۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ کو پہچانا اور لوگوں کی اصلاح کی۔ اس کے علاوہ شرک، فضول رسومات، بدعات، خرافات کو دور کرنے اور انبیائی مشن پر عمل آوری ان کا مقصد حیات تھا۔

پروفیسر عبدالحمید اکبر، صدر شعبۂ اردو و فارسی، خواجہ بندہ نواز گیسو دراز یونیورسٹی، گلبرگہ نے کلیدی خطبہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ اپنے مریدین کی تعلیم کے لیے فصوص الحکم، عشق نامہ، حقیقت محمدیہ جیسی کتابوں کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ انہی کتابوں کی انہوں نے فارسی میں شرح بھی لکھی۔ انہوں نے عربی، فارسی اور دکنی میں اپنے رسالے لکھے۔ انہوں نے کہا کہ دہلی کے قیام کے دوران خواجہ بندہ نوازؒ نے "تمہیدات" جسے خانقاہوں میں اسرار الٰہیہ کہا جاتا ہے کی شرح لکھی۔ انہوں نے آداب المریدین کا بھی ترجمہ کیا۔ 801 تا 803ھ میں خواجہ بندہ نواز نے دہلی سے گلبرگہ ہجرت کی۔ اس دوران انہوں نے کچھ کتابوں کا ترجمہ بھی کیا۔ انہیں سلطان القلم بھی کہا جاتا ہے۔ ان کی ہر کتاب کا موضوع عشق ہے۔ وہ عشق جو خدا تک پہنچاتا ہے۔ جواہر العشاق جو غوث اعظمؒ کی عربی تصنیف ہے اسے بندہ نوازؒ نے فارسی میں ترجمہ کیا۔ تفسیر سورۂ فاتحہ وغیرہ پر بھی انہوں نے رسالہ لکھا۔ ان کے 4 ملفوظات مرتب ہوئے۔ اس میں جواب الکلیم آج بھی موجود ہے۔ مولانا عبدالحق محدث دہلی، نے انہیں اولیاء کے امام صدرالدین علی اکبر کہا ہے۔ پروفیسر اشتیاق احمد، شعبۂ فارسی، جواہر لعل نہرو یونیورسٹی مہمان اعزازی نے اپنے خطاب میں کہا کہ فارسی زبان و ادب کی ترویج میں صوفیائے دکن نے نمایاں خدمات انجام دیں۔ عہد تغلق میں کئی صوفیا دہلی سے دکن آئے۔ سرزمین دکن کو علمی، ادبی مقام پر پہنچانے میں اہم ترین ہستی خواجہ بندہ نوازؒ کی ہے۔ حضرت گیسو درازؒ کو باطنی کے ساتھ ظاہری علوم پر دسترس حاصل تھی۔ وہ 44 سال دہلی میں رہنے کے بعد گلبرگہ تشریف لائے۔ اس وقت احمد شاہ بہمنی کی حکومت تھی۔ 22 سال تک گلبرگہ میں آپ کی رشد و ہدایت جاری رہی۔ وہ سلسلۂ چشتیہ کے پہلے بزرگ ہیں جنہوں نے بڑے پیمانے پر تصنیف و تالیف کی۔ کئی دینی کتب کی شرح لکھی۔ سید محمد اکبر حسینی کی مرتبہ ملفوظات سب کے لیے کارآمد کتاب ہے۔

ڈاکٹر شیخ عقیل احمد، ڈائرکٹر قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نے اپنے پیام میں کہا کہ اگر کانفرنس میں خواجہ بندہ نوازؒ کی تحقیقات کو جمع کر کے این سی پی یو ایل کو بھیجا جائے تو میں اسے شائع کرنے کی کوشش کروں گا۔ مہمانان اعزازی ڈاکٹر نعمت اللہ، ایران زادہ، رئیس دانشکدہ ادبیات و فارسی و زبان خارجی، دورسگاہ، علامہ طباطبائی، تہران اور ڈاکٹر علی رضا پور محمد، ڈائرکٹر مرکز مطالعات ایران بالکان و اروپای مرکزی بلغاریہ نے فارسی میں اظہار خیال کیا۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر شعبہ نے استقبال کیا۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ڈائرکٹر کانفرنس نے کارروائی چلائی۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، اسسٹنٹ پروفیسر نے شکریہ ادا کیا۔ طالب علم مقصود علی شاہ کی قرأت کلام پاک سے جلسہ کا آغاز ہوا۔

الحباب
alhubab
جمعرات، 25، مارچ، 2021

# اردو میڈیا میں صنفی رپورٹنگ پر مانو میں دوروزہ ویبنار

حیدرآباد (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ تعلیمات نسواں اور شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت کے زیر اہتمام 24 اور 25/ مارچ کو دوروزہ ویبنار ''اردو میڈیا میں صنفی رپورٹنگ ۔ چیلنجز اور مواقع'' کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ پروفیسر شاہدہ مرتضیٰ، صدر شعبۂ تعلیمات نسواں کے بموجب یہ اجلاس 11 بجے تا 2 بجے دن منعقد ہوں گے اور انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے یوٹیوب چینل پر راست ٹیلی کاسٹ کیے جائیں گے۔

پاپولیشن فرسٹ، اقوام متحدہ آبادی فنڈ اور ناروین ایمبسی کا تعاون حاصل ہے۔ کل پہلے دن گول میز میں محترمہ عارفہ خانم، چیف ایڈیٹر دی وائر؛ جناب عامر علی خان، نیوز ایڈیٹر روزنامہ سیاست؛ جناب فاضل حسین پرویز، چیف ایڈیٹر گواہ؛ محترمہ فرحت رضوی، سینئر صحافی، راشٹریہ سہارا؛ محترمہ عائشہ خانم، سینئر صحافی، دور درشن، بنگلور؛ اظہار خیال کریں گے۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج صدارت کریں گے۔ ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ تعارف کروائیں گے۔ پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین اسکول برائے ترسیل عامہ و صحافت ماڈریٹر کے خدمات انجام دیں گے۔ پروفیسر شاہدہ مرتضیٰ، ڈائرکٹر، مرکز مطالعات نسواں کا خیر مقدمی خطاب ہوگا۔

روزنامہ الحیات
حیات وطن
chi 24-03-2021

# آصفیہ لائبریری، عربی و فارسی قلمی نسخوں کا برصغیر میں سب سے بڑا ذخیرہ

## اُردو یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی میں پروفیسر اشتیاق احمد کا دھن راج گیر یادگاری خطبہ



الحیات نیوز سروس

حیدرآباد، 23 مارچ: شہر حیدرآباد کی آصفیہ لائبریری عربی و فارسی قلمی نسخوں کے اعتبار سے برصغیر کا سب سے بڑا کتب خانہ ہے جس میں قلمی نسخوں کی تعداد 50ہزار سے زائد ہے۔ آخری آصف جاہی حکمراں میر عثمان علی خان کی علم دوستی کی بہترین مثال جامعہ عثمانیہ ہے۔ یونیورسٹی میں مسلمانوں کے لیے دینی تعلیم اور دیگر کے لیے اخلاقی تعلیم لازمی تھی۔ اس میں دارالترجمہ کی اہمیت بھی مسلم ہے۔ اس ادارے نے 500 کتابیں ترتیب دیں۔ اس کے باعث حیدرآباد کا نام دنیا بھر میں نمایاں ہوا۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز اسکالر پروفیسر اشتیاق احمد، مرکز برائے مطالعات فارسی، جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، دہلی نے آج دکن کی مشہور و معروف شخصیت راجہ دھن راجگیر سے موسوم ایک یادگاری خطبے میں کیا۔ شعبہ فارسی کے زیر اہتمام اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے منعقدہ یادگاری خطبہ کا عنوان "دکن میں فارسی زبان و ادب اور تہذیب و ثقافت" تھا۔ اس لیکچر کو وزارت تعلیم کی منظوری حاصل ہے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے صدارت کی۔ پروفیسر اشتیاق احمد نے کہا کہ عمومی طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ مغلوں کے دور میں فارسی پر کافی کام ہوا ہے لیکن دکن کے حوالے سے کی گئی تحقیق سے پتہ چلا کہ یہاں فارسی زبان و ادب پر کام مغلوں سے کم نہیں ہے۔ کسی بھی معاشرہ کو سمجھنے کا سب سے آسان طریقہ اس کا ادب ہوتا ہے۔ اس میں رسوم و رواج، رہن سہن، تہذیب و ثقافت کی تفصیل مل جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قدیم زمانے سے برصغیر اور ایران کا تعلق رہا ہے۔ غزنوی حکمراں مسعود اول کے دربار سے وابستہ لاہور کے مشہور شاعر ابو عبداللہ کو یہاں پہلا فارسی شاعر تسلیم کیا جاتا ہے۔ بہمنی دور میں فارسی زبان و ادب کے حوالے سے یہ کہنا مناسب ہوگا کہ یہاں کی تہذیب، تمدن، ادب، سماج و ثقافت پر ایران کے اثرات کافی گہرے پائے جاتے تھے۔ شمالی ہند سے دکن کا باقاعدہ تعلق تغلقی افواج کی ح کے بعد قائم ہوا۔ ح دکن دونوں خطوں کے لیے ادبی اور ثقافتی اعتبار سے کافی اہمیت کا حامل ہے۔ بہمنی عہد میں فارسی کو سرکاری زبان بننے کا موقع ملا۔ علاء الدین حسن جب بادشاہ ہوا تو دارالسلطنت کو گلبرگہ لے آیا۔ ہندوستان کے زیادہ تر حصہ پہ جنوبی ایشیاء کا اثر رہا ہے۔ جب کہ دکن کا حصہ ایران سے منسلک رہا۔ ایران سے جنوبی ہند آنے والے مشہور نام عبدالملک سلامی، شیخ عین الدین بیجاپوری، مفتی احمد حروی، حکیم نصیر الدین شیرازی، حکیم کلیم الدین تبریزی، معین الدین حرمی، سیف الدین غوری و دیگر شامل ہیں، جو بہمنی دربار سے وابستہ تھے۔ خواجہ محمود گاواں، سیف الدین غوری تاریخ میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ محمود گاواں کا شکستہ مدرسہ آج بھی اس کی اولوالعزمی، نفاست ذوق اور علم پروری کا فسانہ سناتا ہے۔ عادل شاہی دور میں بھی فارسی زبان و ادب کو کافی تقویت حاصل ہوئی۔ یوسف عادل شاہ نے ایران، ماوراالنہر اور عربی علماء کو یہاں آنے کی دعوت دی۔ متعدد علماء نے یہاں کا رخ کیا۔ علی عادل شاہ اپنی انتظامی صلاحیت اور ادبی سرپرستی کے لیے مشہور تھا۔ نظام شاہی دور مختصر تھا اور شمالی مغلوں کے خطروں سے گھرا رہتا تھا۔ سب سے اہم تاریخ برہان المعاثر سید علی بن عزیز اللہ طباطبائی نے رقم کی۔ سلطان قلی 1495ء میں تلنگانہ کا صوبہ دار بنا اور محمود شاہ بہمنی کی وفات کے بعد اس نے اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا۔ اس دور میں بااہم ترین تصنیفات فارسی سے متاثر تھیں۔ اس کے بعد فارسی آصف جاہی کا دور آیا۔ نادر شاہ کے حملے کے بعد حیدرآباد سب سے زیادہ پرامن شہر تھا۔ اس لیے اہل علم و اہل فن یہاں پر آئے۔ شاہنواز خان کئی کتابوں کے مصنف تھے جن میں اہم معاصر الامراء ہے۔ اس میں دہلی کے امیروں کے حالات ملتے ہیں۔ غلام علی آزاد بھی اپنے دور کے بہت بڑے سوانح نگار تھے۔ ان کی تصنیفات پر تحقیق و تدریس کا کام جاری ہے۔ دکنی شہر ہند ایرانی یا ہند اسلامی طرز پر تعمیر ہوئے۔ ان میں گلبرگہ، بیدر، بیجاپور شامل ہیں۔ ان کے گنبد، کمان وغیرہ پہ ایرانی شہروں کی جھلک ملتی ہے۔ حیدرآباد کی بات کی جائے تو یہ ایرانی شہر اصفہان کے نمونے پہ تعمیر کیا گیا ہے۔ مغلیہ حکومت کے کمزور پڑنے کے بعد فارسی کے استعمال میں کمی آئی اور وسط ایشیاء سے علماء کی آمد بند ہونے کے بعد اس میں مزید کمی آگئی اور اردو کو فروغ ملا۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے کہا کہ راجہ دھن راج گیر جو کہ مشہور و معروف فرزندان دکن میں شامل ہیں ان کی یاد کو تازہ رکھنے کے لیے اس یادگاری لیکچر کے لیے شعبہ فارسی مبارکباد کا مستحق ہے۔ آج کا خطبہ ریسرچ اسکالرس کے لیے خصوصی طور پر اہمیت کا حامل ہے۔ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، کوآرڈینیٹر میموریل لیکچر نے خیر مقدم کیا۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی نے کاروائی چلائی۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر شعبہ فارسی نے شکریہ ادا کیا۔

25-3-21 Delh

THE INQUILAB

انقلاب

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبال)

# ظلم اور ناانصافی کے خلاف احتجاج میں خواتین کا قائدانہ رول

## صحافت میں نمائندگی بڑھانے کی ضرورت، اردو یونیورسٹی کے ویبنار میں عارفہ خانم، فرحت رضوی، عامر علی خان اور محمود صدیقی کا خطاب

حیدرآباد، (پریس ریلیز) موجودہ دور میں مظالم، ناانصافی اور زیادتیوں کو درج اور ریکارڈ کرنے والوں کی پہلی قطار میں خواتین موجود ہیں۔ احتجاج کے مورچوں پر ڈٹی ہوئی خواتین گھٹاٹوپ اندھیرے میں امید کے چھوٹے چھوٹے چراغوں کے مانند ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز صحافی عارفہ خانم نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام ویبنار "اردو میڈیا میں صنفی رپورٹنگ، چیلنجز اور مواقع" کے راؤنڈ ٹیبل کے دوران کیا۔ اس ویبنار کا اہتمام شعبۂ مرکز مطالعاتِ نسواں اور شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت، مانو کے زیر اہتمام کیا جارہا ہے۔ جبکہ پاپولیشن فرسٹ، اقوام متحدہ آبادی فنڈ اور ناروین ایمبیسی اس کے انعقاد میں تعاون کررہے ہیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارت کی۔ عارفہ خانم نے کہا کہ اسکرین پر خواتین کی موجودگی مارکٹ ڈیمانڈ کی مرہون منت ہے۔ خواتین کو بااختیار بنانے کی بات کی جاتی ہے لیکن اہم بات یہ ہے کہ خود خواتین انہیں ملے اختیار کا کیسے استعمال کر پاتی ہیں؟ خاتون صحافی نے شکایت کی کہ فیصلہ سازی میں عورتوں کا کوئی رول نہیں ہے۔ مردانہ بالادستی کو بڑھاوا دینے میں خود خواتین بالواسطہ طور پر مددگار بن رہی ہیں۔ سینئر صحافی عامر علی خان نے سوشل میڈیا کو خواتین کے لیے نیا میدان عمل قرار دیا اور اعتراف کیا کہ روایتی میڈیا بشمول اردو میڈیا میں مسلم خواتین کی نمائندگی نسبتاً کم ہے۔ کیونکہ گھریلو ذمہ داریوں اور پیشہ ورانہ تقاضوں کی تکمیل میں توازن مشکل ہوجاتا ہے۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارتی خطاب میں کہا کہ جمہوریت کی خوبی ہے کہ اس میں اختلاف رائے کی گنجائش ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ میڈیا بے آوازوں کی آواز ایوانوں تک پہنچائے۔ پروفیسر شاہدہ، ڈائرکٹر مطالعاتِ نسواں نے ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ کا تعارف پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا میں خواتین کے متعلق مواد کم ہے اور ان کی نمائندگی پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ نے مہمانوں کا تعارف کروایا۔ اس ویبنار میں پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین ایم سی جے نے ماڈریٹر کے فرائض انجام دیئے۔ اس کے علاوہ فاضل حسین پرویز، فرحت رضوی، عائشہ خانم نے بھی خطاب کیا۔ ۲۵/ مارچ کو میڈیا کے سربرآوردہ شخصیات کے ساتھ پینل مباحثہ ہوگا۔ اس میں پینلسٹ میں قربان علی، سیما مصطفی، راشدہ حسین آئی آر ایس (ریٹائرڈ)، محمد اعظم شاہد شرکت کریں گے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج صدارت کریں گے۔

2
روزنامہ راشٹریہ سہارا
حیدرآباد۔25/مارچ،2021ء،جمعرات
CHARMINAR
www.roznamasahara.com

# ظلم اور ناانصافی کیخلاف احتجاج میں خواتین کا قائدانہ رول

## صحافت میں نمائندگی بڑھانے کی ضرورت۔ اردو یونیورسٹی کے ویبنار میں محترمہ عارفہ خانم، جناب عامر علی خان اور محمود صدیقی کی مخاطبت



حیدرآباد۔(پریس نوٹ) موجودہ دور میں مظالم، ناانصافی اور زیادتیوں کو درج اور ریکارڈ کرنے والوں کی پہلی قطار میں خواتین موجود ہیں۔ احتجاج کے مورچوں پر ڈٹی ہوئی خواتین گھٹاٹوپ اندھیرے میں امید کے چھوٹے چھوٹے چراغوں کے مانند ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز صحافی محترمہ عارفہ خانم "دی وائر" نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام ویبنار "اردو میڈیا میں صنفی رپورٹنگ۔ چیلنجز اور مواقع" کے راؤنڈ ٹیبل کے دوران کیا۔ اس ویبنار کا اہتمام شعبۂ مرکز مطالعات نسواں اور شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت، مانو کے زیر اہتمام کیا جارہا ہے۔ جبکہ پاپولیشن فرسٹ، اقوام متحدہ آبادی فنڈ اور ناروین ایمبیسی اس کے انعقاد میں تعاون کررہے ہیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارت کی۔ محترمہ عارفہ خانم نے مزید کہا کہ اسکرین پر خواتین کی موجودگی مارکٹ ڈیمانڈ کی مرہون منت ہے۔ مردانہ بالادستی کو بڑھاوا دینے میں خود خواتین بالواسطہ طور پر مددگار بن رہی ہیں۔ جناب عامر علی خان نیوز ایڈیٹر روزنامہ سیاست، نے سوشیل میڈیا کو خواتین کیلئے نیا میدان عمل قرار دیا اور اعتراف کیا کہ روایتی میڈیا بشمول اردو میڈیا میں مسلم خواتین کی نمائندگی نسبتاً کم ہے۔ کیونکہ گھریلو ذمہ داریوں اور پیشہ ورانہ تقاضوں کی تکمیل میں توازن مشکل ہوجاتا ہے۔ انہوں نے قرآن کے سورہ قلم کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہر صحافی کی یہ ذمہ داری ہے کہ سچ ہی کی ترجمانی کرے۔ مسلمانوں بالخصوص خواتین کی معاشی ترقی کیلئے اخبار سیاست کی جانب سے کوشش کی جارہی ہے۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارتی خطاب میں کہا کہ جمہوریت کی خوبی یہ کہ اس میں اختلاف رائے کی گنجائش ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ میڈیا بے آوازوں کی آواز ایوانوں تک پہنچائے۔ پروفیسر شاہدہ، ڈائرکٹر مطالعات نسواں نے ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ نے مہمانوں کا تعارف کروایا۔

اس ویبنار میں پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین ایم سی جے نے ماڈریٹر کے فرائض انجام دیئے۔ جناب فاضل حسین پرویز، چیف ایڈیٹر گواہ نے اردو صحافت کی تاریخ پر گفتگو کی اور بتایا کہ ہندوستانی میڈیا نے ترقی کے نام پر عورت کے مقام کو گھٹا دیا ہے۔ انہوں نے مختلف خواتین کا ذکر کیا جنہوں نے میدان صحافت میں طبع آزمائی کی۔ محترمہ فرحت رضوی، سینئر جرنلسٹ، سہارا نے کہا کہ حیدرآباد کی سرزمین کافی زرخیز رہی ہے۔ انہوں نے خواتین صحافیوں کو درپیش مشکلات کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا سر سید تحریک، ڈپٹی نذیر احمد تحریک کے بعد خواتین میں بیداری آئی۔ شعائیں، خمار جیسے رسائل میں خواتین کی بات قرآن اور سماج کی روشنی میں ہوتی تھی لیکن اس میں صرف نظریہ ہوتا ہے۔ عملی اقدام نہیں ہوتے۔ این جی اوز، اردو اخبارات اور مانو کا مرکز، خواتین کی بااختیاری بنانے کیلئے سمینار منعقد کرتے ہوئے کچھ ٹھوس نتائج اخذ کرسکتے ہیں۔ محترمہ عائشہ خانم، سینئر صحافی، دوردرشن، بنگلور نے کہا اردو صحافت میں صنفی حساسیت میں اضافہ کی ضرورت ہے۔ پروفیسر محمد فریاد، صدر شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت نے کارروائی چلائی۔ جناب صالح امین، گیسٹ فیکلٹی کی قرأت کلام پاک سے پروگرام کا افتتاح عمل میں آیا۔ 25/مارچ کو میڈیا کے سربرآوردہ شخصیات کیساتھ پینل مباحثہ ہوگا۔

منصف

# ظلم اور ناانصافی کے خلاف احتجاج میں خواتین کا قائدانہ رول

## صحافت میں نمائندگی بڑھانے کی ضرورت، مانو کا ویبنار۔ عارفہ خانم، محمود صدیقی کا خطاب



حیدرآباد۔ 24/ مارچ (پریس نوٹ) موجودہ دور میں مظالم، ناانصافی اور زیادتیوں کو درج اور ریکارڈ کرنے والوں کی پہلی قطار میں خواتین ہیں۔ احتجاج کے مورچوں پر ڈٹی ہوئی خواتین گھٹاٹوپ اندھیرے میں امید کے چھوٹے چھوٹے چراغوں کے مانند ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز صحافی عارفہ خانم شیروانی، ''دی وائر'' نے آج مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام ویبنار ''اردو میڈیا میں صنفی رپورٹنگ۔ چیلنجز اور مواقع'' کے راؤنڈ ٹیبل کے دوران کیا۔ اس ویبنار کا اہتمام شعبۂ، مرکز مطالعاتِ نسواں اور شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت، مانو کے زیر اہتمام کیا جارہا ہے جبکہ پاپولیشن فرسٹ، اقوام متحدہ آبادی فنڈ اور ناروین ایجنسی اس کے انعقاد میں تعاون کررہے ہیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارت کی۔ عامر علی خان نیوز ایڈیٹر روزنامہ سیاست نے سوشل میڈیا کو خواتین کے لیے نیا میدان عمل قرار دیا اور اعتراف کیا کہ روایتی میڈیا بشمول اردو میڈیا میں مسلم خواتین کی نمائندگی نسبتاً کم ہے۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارتی خطاب میں کہا کہ جمہوریت کی خوبی ہے کہ اس میں اختلاف رائے کی گنجائش ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ میڈیا بے آوازوں کی آواز اقتدار کے ایوانوں تک پہنچائے۔ ہمارے سماج میں شادی کے رقعوں میں لڑکیوں کے نام نہیں دیئے جاتے جبکہ نام کا پردہ نہیں ہے جبکہ ہم نبی کی بیویوں اور بیٹیوں کے نام تک جانتے ہیں۔ ہمیں حقیقت پسندی کے ساتھ خبر کا تجزیہ کرنا چاہیے۔ پروفیسر شاہدہ، ڈائرکٹر مطالعاتِ نسواں نے ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ نے مہمانوں کا تعارف کروایا۔ اس ویبنار میں پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین ایم سی جے نے ماڈریٹر کے فرائض انجام دیئے۔ فاضل حسین پرویز، چیف ایڈیٹر گواہ نے اردو صحافت کی تاریخ پر گفتگو کی اور بتایا کہ ہندوستانی میڈیا نے ترقی کے نام پر عورت کے مقام کو گھٹادیا ہے۔ فرحت رضوی، سینئر جرنلسٹ، سہارا نے کہا کہ حیدرآباد کی سرزمین کافی زرخیز رہی ہے۔ انہوں نے خاتون صحافیوں کو درپیش مشکلات کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا سرسید تحریک، ڈپٹی نذیر احمد تحریک کے بعد خواتین میں بیداری آئی۔ عائشہ خانم، سینئر صحافی، دوردرشن، بنگلور نے کہا کہ اردو صحافت میں صنفی حساسیت میں اضافہ کی ضرورت ہے۔ اردو میڈیا میں خواتین کی خبروں کو جگہ کم دی جاتی ہے۔ پروفیسر محمد فریاد، صدر شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت نے کارروائی چلائی۔ صالح امین، گیسٹ فیکلٹی کی قرأت کلام پاک سے پروگرام کا افتتاح عمل میں آیا۔ 25/ مارچ کو میڈیا کے سربرآوردہ شخصیات کے ساتھ پینل مباحثہ ہوگا۔ اس میں قربان علی؛ سیما مصطفیٰ، راشدہ حسین آئی آر ایس (ریٹائرڈ)؛ محمد اعظم شاہد شرکت کریں گے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج صدارت کریں گے۔

سیاست

# صنفی رپورٹنگ، مواقع اور چیالنجس پر آج ویبنار

حیدرآباد:۔ پاپولیشن فرسٹ، یو این ایف پی اے اور مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے مشترکہ زیر اہتمام 25 مارچ کو صبح 11 تا 2 بجے دن اردو میڈیا میں صنفی رپورٹنگ مواقع اور چیالنجس پر ویبنار مقرر ہے جس میں میڈیا کے نمائندوں کے ساتھ پیانل مباحث ہوں گے۔ اس موقع پر پروفیسر احتشام احمد خاں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی خیر مقدمی تقریر کریں گے جب کہ تعارف ڈاکٹر اے ایل شاردا ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ پیش کریں گے۔ اسی طرح پیانل کے شرکاء اور ماڈریٹر کا تعارف پروفیسر شاہدہ مرتضٰی، ڈائرکٹر سنٹر فار ویمنس اسٹیڈیز پیش کریں گے۔ پیانل مباحث میں جناب قربان علی ممتاز صحافی، مسز سیما مصطفیٰ پریسیڈنٹ ایڈیٹرس گلڈ آف انڈیا وایڈیٹر ان چیف آف سٹیزن، مسز راشیدہ حسین موظف آئی آر ایس، جناب محمد اعظم شاہد سینیر جرنلسٹ سالار، ماڈریٹر جناب گوہر گیلانی ممتاز جرنلسٹ پولیٹیکل اینالسٹ ہوں گے۔ صدارتی خطاب پروفیسر رحمت اللہ وائس چانسلر مہمان اعزازی دیں گے۔ لائیو پروگرام یوٹیوب youtube.com/imcmanuu/ پر ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

25 MAR 2021

# ظلم وناانصافی کیخلاف احتجاج میں خواتین کا قائدانہ رول

## صحافت میں نمائندگی میں اضافہ کی ضرورت، اردو یونیورسٹی کے ویبنار میں عارفہ خانم، عامر علی خاں اور محمود صدیقی کا خطاب




حیدرآباد۔ موجودہ دور میں مظالم، ناانصافی اور زیادتیوں کو درج اور ریکارڈ کرنے والوں کی پہلی قطار میں خواتین موجود ہیں۔ احتجاج کے مورچوں پرڈٹی ہوئی خواتین گھٹاٹوپ اندھیرے میں امید کے چھوٹے چھوٹے چراغوں کے مانند ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز صحافی محترمہ عارفہ خانم، "دی وائر" نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام ویبنار "اردو میڈیا میں صنفی رپورٹنگ۔ چیلنجز اور مواقع" کے راؤنڈ ٹیبل کے دوران کیا۔ اس ویبنار کا اہتمام شعبۂ، مرکز مطالعات نسواں اور شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت، مانو کی جانب سے کیا گیا، جبکہ پاپولیشن فرسٹ، اقوام متحدہ آبادی فنڈ اور ناروین ایمبسی نے اس کے انعقاد میں تعاون کیا۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارت کی۔ محترمہ عارفہ خانم نے مزید کہا کہ اسکرین پر خواتین کی موجودگی مارکٹ ڈیمانڈ کی مرہون منت ہے۔ خواتین کو بااختیار بنانے کی بات کی جاتی ہے لیکن اہم بات یہ ہے کہ خود خواتین انہیں ملے اختیار کا کیسے استعمال کر پاتی ہیں؟ ممتاز خاتون صحافی نے شکایت کی کہ فیصلہ سازی میں عورتوں کا کوئی رول نہیں ہے۔ مردانہ بالادستی کو بڑھاوا دینے میں خود خواتین بالواسطہ طور پر مددگار بن رہی ہیں۔ جناب عامر علی خان نیوز ایڈیٹر روزنامہ سیاست، حیدرآباد نے سوشیل میڈیا کو خواتین کے لیے نیا میدان عمل قرار دیا اور اعتراف کیا کہ روایتی میڈیا بشمول اردو میڈیا میں مسلم خواتین کی نمائندگی نسبتاً کم ہے۔ کیونکہ گھریلو ذمہ داریوں اور پیشہ ورانہ تقاضوں کی تکمیل میں توازن مشکل ہوجاتا ہے۔ انہوں نے سیاست اخبار کی تاریخ اور حیدرآباد کے مسلمانوں کے لیے اخبار کی خدمات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ حق گوئی اور بیباکی اخبار کی پالیسی ہے۔ مسلمان اس ملک کا اٹوٹ حصہ ہیں، ان کے حق کے لیے آواز اٹھانا قوم دشمنی نہیں ہے۔ انہوں نے قرآن کے سورہ قلم کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہر صحافی کی یہ ذمہ داری ہے کہ سچ ہی کی ترجمانی کرے۔ انہوں نے عابد علی خان ایجوکیشنل ٹرسٹ اور محبوب حسین جگر کیریئر گائیڈنس سنٹر کی خدمات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس کے ذریعہ مسلمانوں بالخصوص خواتین کی معاشی ترقی کے لیے اخبار سیاست کی جانب سے کوشش کی جارہی ہے۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے صدارتی خطاب میں کہا کہ جمہوریت کی خوبی ہے کہ اس میں اختلاف رائے کی گنجائش ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ میڈیا بے آوازوں کی آواز ایوانوں تک پہنچائے۔ ہمارے سماج میں شادی کے رقعوں میں لڑکیوں کے نام نہیں دیے جاتے جبکہ نام کا پردہ نہیں ہے۔ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں اور بیٹیوں کے نام تک جانتے ہیں۔ ہمیں حقیقت پسندی کے ساتھ خبر کا تجزیہ کرنا چاہیے۔ ہمیں لوگوں کو تعلیم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ خبروں کو اور تجزیوں کو سمجھ سکیں۔ خواتین کو ہی نہیں بلکہ پسماندہ طبقات کو بھی تعلیم دیتے ہوئے بااختیار بنانا چاہیے۔

(سلسلہ صفحہ 5 پر)

# ظلم وناانصافی کیخلاف احتجاج میں خواتین کا قائدانہ رول

(سلسلہ صفحہ آخر سے)

پروفیسر شاہدہ، ڈائرکٹر مطالعات نسواں نے ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ کا تعارف پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا میں خواتین کے متعلق مواد کم ہے اور ان کی نمائندگی پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر اے ایل شاردا، ڈائرکٹر پاپولیشن فرسٹ نے مہمانوں کا تعارف کروایا۔ اس ویبنار میں پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین ایم سی جے نے ماڈریٹر کے فرائض انجام دیے۔ جناب فاضل حسین پرویز، چیف ایڈیٹر گواہ نے اردو صحافت کی تاریخ پر گفتگو کی اور بتایا کہ ہندوستانی میڈیا نے ترقی کے نام پر عورت کے مقام کو گھٹا دیا ہے۔ انہوں نے مختلف خواتین کا ذکر کیا جنہوں نے میدان صحافت میں طبع آزمائی کی۔ انہوں نے الکٹرانک میڈیا کی نامور خواتین کا ذکر کرتے ہوئے نغمہ سحر، سیما مصطفی، عارفہ خانم، افشاں انجم، ماہ رخ، عرفانہ، خوشیہ، شمع افروز زیدی کا نام لیا۔ پہلے شہید آزادی ٹیپو سلطان نے شاہی سرپرستی میں فوج کے لیے اخبار جاری کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے اخبار کے تعلق سے کئی دعوے ہیں جن میں جام جہاں نما، مراۃ الاخبار، اردو اخبار شامل ہیں۔ محترمہ فرحت رضوی، سینئر جرنلسٹ، سہارا نے کہا کہ حیدرآباد کی سرزمین کافی زرخیز رہی ہے۔ انہوں نے خاتون صحافیوں کو درپیش مشکلات کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا سرسید تحریک، ڈپٹی نذیر احمد تحریک کے بعد خواتین میں بیداری آئی۔ شعاعیں، غبارے جیسے رسائل میں خواتین کی بات قرآن اور سماج کی روشنی میں ہوتی تھی لیکن اس میں صرف نظریہ ہوتا ہے۔ عملی اقدام نہیں ہوتے۔ این جی اوز، اردو اخبارات اور مانو کا مرکز، خواتین کو بااختیاری بنانے کے لیے سیمینار منعقد کرتے ہوئے کچھ ٹھوس نتائج اخذ کرسکتے ہیں۔ محترمہ عائشہ خانم، سینئر صحافی، دوردرشن، بنگلور نے کہا کہ اردو صحافت میں صنفی حساسیت میں اضافہ کی ضرورت ہے۔ اردو میڈیا میں خواتین کی خبروں کو جگہ کم دی جاتی ہے۔ انہوں نے مثال کے طور پر انہیں ملے فخر ملت ایوارڈ کا ذکر کیا۔ پروفیسر محمد فریاد، صدر شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت نے کارروائی چلائی۔ جناب صالح امین گیسٹ فیکلٹی کی قرأت کلام پاک سے پروگرام کا آغاز ہوا۔

سیاست

2 5 MAR 2021

سیاست

**The Hans India**

# Call for gender parity in media

**GACHIBOWLI**

AT a webinar organised by Maulana Azad National Urdu University (MANUU), eminent journalists including Arfa Khanum, Chief Editor, The Wire, discussed lack of women representation in media. The university conducted a round-table of media leaders on 'Gender reporting in Urdu Media - Opportunities & Challenges,' on Wednesday.

The webinar discussed the lack of women journalists and less coverage of women issues. The occasion was graced by eminent journalists, including Amer Ali Khan, News Editor, Siasat, Fazil Hussain Parvez, Chief Editor, Gawah, Farhat Rizvi, Sr. Journalist, Rashtrya Sahara, and Ayesha Khanum, Door Darshan, Bengaluru. Prof Siddiqui Mohd Mahmood, Registrar I/c, presided over the round-table organised by the Centre for Women's Studies and Dept of Journalism and Mass Communication, MANNU in collaboration with Population First supported by UNFPA and Norwegian Embassy.

Speaking on the occasion, Aarfa Khanam said that women at front lines of protests are like a ray of hope in the darkness. The market demands the presence of women on the screen, she added. "Everyone talks about empowering women, but the important thing is that how women exercise their empowerment," she asked.

While Amer Ali Khan described social media as a new field for women to express their views and said that women were finding it difficult to balance between the professional requirements and domestic compulsions,

Fazil Hussain Parvez claimed that the Indian media diminished the status of women in the name of development.

Prof S M Rahmatullah, Vice-Chancellor I/c, would address the panel discussion scheduled to be held online on March 25, from 11 am to 2 pm on MANUU Youtube channel. HI

**Sakshi**

# మనూలో జెండర్ రిపోర్టింగ్‌పై వెబినార్



వెబినార్ కార్యక్రమంలో పాల్గొన్న వక్తలు, ప్రొఫెసర్లు

రాయదుర్గం: నిరసనల ముందు వరుసలో ఉన్న మహిళలు చీకటిలో ఆశల కిరణం లాంటివారని సీనియర్ జర్నలిస్ట్, ది వైర్ చీఫ్ ఎడిటర్ అర్ఫాఖానూమ్ పేర్కొన్నారు. గచ్చిబౌలిలోని మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో సెంటర్ ఫర్ విమెన్స్ స్టడీస్, డిపార్ట్‌మెంట్ ఆఫ్ జర్నలిజమ్ అండ్ మాస్ కమ్యూనికేషన్, యూఎన్ఎఫ్‌పిఏ, నార్వేజియన్ ఎంబసీతో కలిసి 'ఉర్దూ మీడియాలో జెండర్ రిపోర్టింగ్-అవకాశాలు,సవాళ్ళు' అనే అంశంపై ప్రత్యేక వెబినార్‌ను బుధవారం నిర్వహించారు. ఈ సందర్భంగా అర్ఫాఖానూమ్ మాట్లాడుతూ ప్రతి ఒక్కరూ మహిళా సాధికారతపై మాట్లాడుతారని, కానీ మహిళలు తమ సాధికారతను ఎలా ఉపయోగించుకుంటారని ప్రశ్నించారు. సియాసత్ న్యూజ్ ఎడిటర్ అమీర్అలీఖాన్ మాట్లాడుతూ మహిళలు తమ అభిప్రాయాలను వ్యక్తీకరించడానికి సోషల్ మీడియాను కొత్త రంగంగా ఎంచుకున్నారన్నారు. ఉర్దూ మీడియాతో సహా ఇతర మీడియాలలో ముస్లిమ్ మహిళల సంఖ్య చాలా తక్కువగా ఉందన్నారు. ఇన్‌చార్జి వైస్‌చాన్స్‌లర్ ప్రొఫెసర్ ఎస్ఎం రహమతుల్లా, పలువురు ప్రొఫెసర్లు, జర్నలిస్టులు పాల్గొన్నారు.

2 5 MAR 2021